معزور طالب علموں کے والدین کے لیئے رہنما کتابچہ

# میری لینڑ میں جانچ اہلیت اور انفرادی تعلیمی منصوبے کے طریقہ عمل (IEP) کو سمجھنا



میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم
باب خصوصی تعلیم/ جلد مداخلت کی خدملت

**جدید جلد12/2008**

# فہرست


## تعارف 3

خاندانی مدر کی خدمات 4

خاندانوں کے لیئے اضافی مددگار ضرائع 5

## معزور بچوں کی شناخت

ابتدائی حوالہ 6

تخمینہ لگانے کی ضرورت کا یقین 6

تخمینہ لگانہ 7

جانچ 7

ابتدائی جانچ 8

بتدائی جانچ کے اختتام کا دورانیہ 9

دوبارہ جانچ 9

خدمات کا اختتام 9

چھوٹے بچوں اور شیر خواروں کے پروگرام سے تغیر 10

## انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) کا طریقہ عمل

آئی ای پی ٹیم میٹنگ 11

میٹنگ میں والدین کی شمولیت 11

آئی ای پی ٹیم 12

آئی ای پی ٹیم کی حاضری 13

آئی ای پی کا مواد 13

خدمات میں تغیر 14

کارکردگی کا خلاصہ 15

خصوصی تعلیم کی خدمات کے لئے رضامندی مہیا کرنا 15

خصوصی تعلیم کی خدمات کے لئے رضامندی کو منصوخ کرنا 15

آئی ای پی کی ترقی جائزہ اور درستگی 16

ترامیم 17

تعیناتی 17

آئی ای پی کی تکمیل 18

بچے جو کسی اور سرکاری ادارے میں منتقل ہوتے ہیں 18

گرایجوایشن کی ضروریات 19

توسیح کردہ سکول کے سال کی خدمات (ای ایس وائی) 19

# تعارف:

میری لینڈ میں جانچ اہلیت اور آئی ای پی کے طریقہ عمل کو سمجھنے کا یہ رہنما کتابچہ میری لینڈ ریاست محکمہ تعلیم نے تشکیل دیا ہے تاکہ آپ کو اپنے بچے کے حقوق اپنے حقوق و فرائض اور آپ کے بچے کی خصوصی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے سکول کے فرائض کو بہتر سمجھنے میں مدد مل سکے. اس رہنمائی کتابچے میں بچے کی تلاش کی وضاحت جانچ اہلیت تعین اور انفرادی تعلیمی منصوبے (آئی ای پی) کے طریقہ عمل شامل ہیں .

تحقیق سے پتا چلتا ہے کہ بچے سکول میں زیادہ کامیاب تب ہوتے ہیں جب انکے خاندان انکی تعلیمی ترقی میں شامل ہوں .ایک ایسا بچہ جو کسی معزوری میں مبتلا ہو اسکے لئے والدین کی شمولیت کی اہمیت اور زیادہ ہوتی ہے .اکثر اوقات والدین ایک بچے کی طاقت یا کیسے ایک معزوری اسکے ترقی یا سیکھنے کی صلاحیت پر اثر انداز ہوتی ہے ایسی معلومات کا واحد یا بہترین ضریعہ ہوتے ہیں .والدین اپنے بچوں کی تعلیم میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں .قانون کے مطابق بچوں کو مناسب تعلیمی صحولیات فراہم کرنے کے لئے والدین اور سکول کا عملہ مل کے کام کرتے ہیں .ایک معزور بچے کے والدین کے طور پر آپکو سوالات پوچھنے چاہئیں اور جب آپکو لگے کہ آپکو مدد کی ضرورت ہے تو آپ کو مدد کی درخواست کرنی چاہئے.

ایم ایس ڈی ای کا خصوصی تعلیم/ جلد مداخلت خدمات کا باب مقامی خاندانی مدد رابطہ کاروں کا ایک 3 حصہ کا جال قائم رکھتا ہے جو کہ پیدائش سے21 سال تک کی عمر کے معزور بچوں کے والدین کو اپنے بچوں کے لئے خصوصی تعلیم حلصل کرانے اور جلد مداخلت کی خدملت حاصل کرانے میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے مدد کرتے ہیں .میری لینڈ کے ہر دائرہ اختیار میں معزور بچوں کے خاندانوں میں ایک خاندانی مدد کی خدمات کا رابطہ کار مندرجہ زیل عمر کے گروہ کے معزور بچوں کے لئے موجود ہے.

| | |
|---|---|
| پیدائش سے 3 سال | - خاندانی مدد کا جال / ڈھانچہ |
| 3 سے5 سال | - سکول سے پہلے کی عمر کے ساتھی |
| 5 سے 21 سال | - کامیابی کے ساتھی |

یہ رابطہ کار جلد مداخلت اور خصوصی تعلیمی خدمات, خاندانوں کے ما بیین تیز تر نیے تعلقات, ضرائع مہیا کرنے اور کتب خانوں کی دیکھ بھال, والدین کی تربیت کے اجلاس اور مدد کے گروہ اور سوالات کے جوابات دینے کے لئے موجود ہیں .یہ والدین کو سکول کے ساتھ تنازعات حل کرنے کے لئے غیر رسمی طور پر آسانیاں پیدا کر کے مدد کرتے ہیں یا معزور افراد کے تعلیم کی بہتری کے ایکٹ 2004 (IDEA) کے تحت درج شدہ رسمی تنازعات کو حل کرنے کے طریقہ عمل کے بارے میں معلومات مہیا کرتے ہیں .

اگلے صفحے پر آپکے عدالتی دائرہ اختیار میں خاندانی مدد کی خدمات کے رابطہ کاروں کی فہرست ہے. ہمارے تمام رابطہ کار معزور بچوں کے فائدے کے لئے آپکے ساتھ کام کرنے کے اشتیاق کے ساتھ منتظر ہیں .

# خاندانی مدد کی خدمات
## معزور بچوں کے خاندانوں کے لئے

**مقامی خاندانی مدد کی خدمات کے رابطہ کاروں کی ڈاءیریکٹری**

| دائرۂ اختیار | خاندانی مدد کا ڈھانچہ<br>پیدائش سے 3 سال کی عمر | سکول سے پہلے کی عمر کے ساتھی<br>3سے5 سال | کامیابی کے ساتھی<br>5 سے 21 سال |
|---|---|---|---|
| الیگانی کاؤنٹی | 301-689-2407 | 301-689-2407 | 301-689-2407 |
| این ارندیل کاؤنٹی | 410-222-6911 | 410-222-3805 | 410-222-3805 |
| بالٹی مور شہر | 410-396-1666 | 410-396-8995 | 410-396-8995 |
| بالٹی مور کاؤنٹی | 410-887-2169 | 410-887-5443 | 410-887-5443 |
| کیلویرٹ کاؤنٹی | 410-535-7387 | 410-535-7387 | 410-535-7387 |
| کیرولاین کاؤنٹی | 410-479-4204 | 410-479-4204 | 410-479-4204 |
| کیرل کاؤنٹی | 410-876-4437 | 410-751-3955 | 410-751-3955 |
| سیسل کاؤنٹی | 410-996-5637 | 410-996-5637 | 410-996-5637 |
| چارلز کاؤنٹی | 301-934-7456 | 301-934-7456 | 301-934-7456 |
| ڈورچیسٹر کاؤنٹی | 410-221-0837 | 410-221-0837 | 410-221-0837 |
| فریڈرک کاؤنٹی | 301-600-1617 | 301-600-1617 | 240-236-8430 |
| گیرٹ کاؤنٹی | 301-334-8119 | 301-334-8119 | 301-334-8935 |
| ہارنورڈ کاؤنٹی | 410-638-3823 | 410-638-3823 | 410-273-5579 |
| ہاورڈ کاؤنٹی | 410-313-7161 | 410-313-7161 | 410-313-7161 |
| کینٹ کاؤنٹی | 410-778-5708 | 410-778-5708 | 410-778-5708 |
| منٹگومیری کاؤنٹی | 240-777-4809 | 240-777-4809 | 301-279-3100 |
| پرنس جورج کاؤنٹی | 01-883-7428 | 301-883-7428 | 301-431-5675 |
| کوئین این کاؤنٹی | 410-827-4629 Ext-149 | 410-827-4629 | 410-758-3693 |
| سومر سیٹ کاؤنٹی | 410-651-9413 | 410-651-9413 | 410-651-9413 |
| سینٹ میری کاؤنٹی | 301-475-4393 | 301-475-4393 | 301-863-4069 |
| ٹیلبوٹ کاؤنٹی | 410-820-7468 | 410-820-7468 | 410-820-7468 |
| واشنگٹن کاؤنٹی | 301-766-8221 | 301-766-8221 | 301-766-8221 |
| ویکو میکو کاؤنٹی | 410-677-5250 | 410-677-5250 | 410-677-5250 |
| ورسیسٹر کاؤنٹی | 410-632-5234 | 410-632-5234 | 410-632-5234 |

**ریاستی خاندانی مدد کی خدمات کے رابطہ کار**

میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم خاندانی مدد کی خدمات (بشمول میری لینڈ فوجی خاندان اور اسیر اور پابند نوجوانوں کے خاندان) 1-800-535-0182

میری لینڈ نابیناؤں کا سکول 1-800-400-4519 Ext: 489

میری لینڈ سماعت سے محروموں کا سکول 410-480-4597

مکمل ڈاریکٹری www.mdecgateway.org پر دستیاب ہے

# اضافی مدد گار ضرائع
## معزور بچوں کے خاندانوں کے لئے

- **میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم**

http://www.marylandpublicschools.org/msde

میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم اور میری لینڈ سرکاری سکولوں کے کاوشوں کی معلومات جس میں جائزے اور میری لینڈ ریاستی رضاکارانہ نصاب تعلیم شامل ہے.

- **میری لینڈ ریاستی محکمہ تعلیم**
  **خصوصی تعلیم کا باب / جلد مداخلت کی خدمات**

http://www.marylandpublicschools.org/msde/divisions/earlyinterv/

**خود تسکینی کی معلومات, میری لینڈ خاندانوں کے ساتھ آئی ای پی کی تعمیر**, ریاستی آئی ای پی فارم اور طریقے اور تنازعات کو حل کرنے کی معلومات اور بہت اور!

- **میری لینڈ چھوٹے بچے کی گزرگاہ**

http://www.mdecgateway.org

**پیدائش سے 5 سال تک کی عمر کے** مہیا کاروں اور خاندانوں کے لئے ایک آن لائن ضریعہ

- **ضابطہ کی رو سے حفاظت**

یہ رہنما کتابچہ ضابطے کی رو سے تحفظ کی دستاویز یا کسی ضروری نوٹس کا نعم البدل نہیں ہے اور یہ ریاستی خصوصی تعلیم کے ضابطوں کا نعم البدل نہیں ہے آپکو اپنے حقوق اور سمجھنے میں مدد کے ئٔے مرحلے میں مختلف اوقات پر سکول والدین کو ضابطے کی رو سے تحفض کی دستاویز موضع والدین کے حقوق ضابطے کی رو سے تحفظ کا نوٹس بھی مہیا کرے گا والدین کے حقوق ضابطے کی رو سے تحفظ کا نوٹس آن لائن یہاں سے حاصل کیا جا سکتا ہے :

http://www.marylandpublicschools.org/MSDE/divisions/earlyinterv/Special_ed_Info.htm

- **میری لینڈ کے قوانین کا مجموعہ (سی او ایم اے آر)**

ریاستی باب ریاستی دستاویز کی ویب سائٹ میری لینڈ کے قوانین کے مجموعے تک رسائي مہیا کر سکتا ہے.

http://www.dsd.state.md.us/comar

- **یو ایس محکمہ تعلیم**

متحدہ ریاستوں کا محکمہ تعلیم معزور اشخاص کے تعلیم کے ایکٹ سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے.

http://www.idea.ed.gov

# معزور بچوں کی شناخت

بچوں کی تلاش ایک ایسا منصوبہ ہے جو کے مقامی سکول کے ڈھانچے اور سرکاری ادارے کے زیر استعمال 3 سے 21
سال تک کی عمو کے معزور بچوں کی شناخت کرتا ہے جن کو خصوصی تعلیمی خدمات درکار ہوں .میری لینڈ ایسے
قوائد اور منصوبے عمل میں لاتا ہے جس سے یہ یقینی بنایا جا سکے کہ معزور بچے بمع ان کے جو کہ نجی سکولوں
میں ہوں اور خواہ انکی معزوری کی شدت کتنی بھی ہو اور جن کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدملت درکار ہوں انہیں
شناخت کیا جاے, انکا پتا لگایا جاۓ اور انکا جائزہ لیا جا سکے اور ایک عملی طریقے کو عمل کار لا کر پتا لگایا جا
سکے کے کون سے بچے ابھی ضروری خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات حاصل کر رہے ہیں. اس میں شامل ہے:

- بچے جو نجی ابتدائی سکول میں ہوں جو نجی ثانوی سکول میں ہوں اور سند شدہ سکول جو کہ مقامی سکول نضام کے عدالتی اختیار میں ہوں.
- بہت زیادہ متحرک بچے / مہاجر بچے
- وہ بچے جن کے پاس کوئی گھر نا ہو/ بے گھر بچے
- ریاستی نگرانی میں بچے اور
- وہ بچے جن کا معزور ہونے کا شک ہو حالانکے وہ ایک جماعت سے دوسری جماعت میں ترقی کر رہے ہوں

## ابتدائی حوالہ:

بچے کے پرنسپل یا مقامی خصوصی تعلیم کے نگراں کار کو درخواست لکھ کر والدین یا سکول کا عملہ ایک بچے کی
جانچ کسی بھی وقت درخواست کر سکتا ہے. ایک لکھی ہوئی درخواست آپکے حوالے کو قلمبند کر دیتی ہے اور حوالے
کا دورانیہ بھی شروع کر دیتی ہے .حوالہ دینے والے زریعے کو جانچ, درخواست کرنے کی وجوہات اور کسی متعلقہ
فکر سے نبٹنے کی تمام کاوشوں کی وضاحت کرنی ہو گی.

اگر کوئی سرکاری ادارہ یہ فیصلہ کرے کے آپ کے بچے کو جانچ کی ضرورت ہے تو وہ فورا آپکے بچے تک رسائی کے لیے آپ کی رضامندی کی درخولست کرے گا تاکہ یہ فیصلہ کیا جا سکے کہ آپ کے بچے کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے یا نہیں. کوئی سرکاری ادارہ آپ کی تحریری رضامندی کے بغیر آپ کے بچے کی انفرادی طور پر جانچ نہیں کر سکتا. پہلے سے موجود شدہ معلومات کو دیکھنے یا آپ کے بچے کا معائنہ کرنے کے لیے کسی سرکاری ادارے کو آپکی رضامندی کی ضرورت نہیں بشرطیکہ دوسرے تمام بچوں کے والدین سے بھی رضامندی کی درخواست کی جاے. اگر کوئی سرکاری ادارہ تعین کرے کہ آپ کے بچے کو کوئی معزوری ہے اور اسے خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے لیکن آپ تحریری رضامندی مہیا کرنے سے انکار کریں تو وہ ادارہ آپ سے گفت و شنید یا عدالتی سماعت کی درخواست کر سکتا ہے. ہر سرکاری ادارہ میری لینڈ کے قوانین کے مجموعے میں طےشدہ دورانیےکی تقلید کرے گا بشرطیکہ طالب علم کے والدین اور IEP با ضابطہ تحریری قرار داد کے زریعے دورانیہ کی توسیع کریں.

## تخمینہ لگانے کی ضرورت کا تعین:

سرکاری ادارہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ جانچ کے طریقہ عمل کی نگرانی کی جاے گی اور سرکاری ادارے کے کسی بھی طریقہ عمل کی تجویز یا انکار کے بارے میں والدین کو تحریری دستاویز کے زریعے آگاہ کیا جاے گا. اگر سرکاری ادارہ یہ تعین کرے کہ کوئی اضافی معلومات درکار نہیں ہیں یا آپ کے بچے پر کسی معزوری اور ترقی میں تاخیر کا شک نا ہو تو

سرکاری ادارے پر یہ لازم ہے کہ وہ آپ کو تحریری دستاویز کے زریعے آگاہ کرے کہ وہ آپ کے بچے کی جانچ نہیں کرے گا. اگر آپ اس فیصلہ سے متفق نہ ہوں تو آپ نگراں سماعت کے دفتر میں مناسب طریقہ عمل سے شکائت جمع کروا کر اپیل کر سکتے ہیں .

## جانچ:

جانچ ایک ایسا طریقہ عمل ہے جو کہ ہر طالب علم کے لئے انفرادی طریقے سے بنایا جاتا ہے. ایک سرکاری ادارہ بچے کے بارے میں تعلیمی ترقیاتی یا عملی کافی متعلقہ معلومات حاصل کرنے کے لئے جانچ کے بہت سے مختلف ضرائع اور طریقہ عمل استمعال کر سکتا ہے. یہ معلومات بچے کے معزور طالب علم ہونے اور بچے کے IEP نصابی متن کے تعین کرنے میں مدد کرتا ہے .تعلیمی معلومات میں شامل ہے کہ عام نصاب میں آپکے بچے کی پیش روی کیا ہے یا ایک سکول جانے سے پہلے کی عمر کےبچے کی مناسب سرگرمیوں میں شمولیت کیا ہے .جانچ میں چھپے ہوے امتحانات مشاہدے والدین سے معلومات اور دیگر ضرائع سے معلومات شامل ہیں .مثلا :

- جو کہ اس طریقے سے چنے جاتے ہیں اور انکی نگرانی اس طرح کی جاتی ہے کہ وہ نسلی یا تہزیبی لحاظ سے امتیازی محسوس نا ہوں .
- بچے کی مادری زبان یا دوسرے ضرائع روابط اور طریقے کار اختیار کئے جائیں جو کہ زیادہ سے زیادہ درست معلومات دے سکیں ان باتوں پہ جو بچے کو معلوم ہیں اور جو وہ تعلیمی طور پہ ترقیاتی طور پہ اور عملی طور پہ کر سکتا ہو سوائے ایسے حالات کے جہاں ایسا کرنا ممکن نا ہو
- .ان مقاصد کے لئے استمعال کی جائے جن کے لے یہ جانچ اور پیمائش جائز اور بھروسہ مند ہو. امتحان کے مہیا کار ہدایات کے مطابق طربیت یافتہ اور با خبر عملہ کی نگرانی میں کی جائے .

- صرف ایک واحد عام زہانت کے حاصل قسمت نہیں بلکہ تعلیمی ضرورت کے مخصوص حصوں کی شناخت کے لئے تخلیق کردہ ہے.
- ایک بچے کی قابلیت اور کارکردگی کی درست نشاندہی کے لئے چنےجاتے ہیں نا کے اس کی معزوری محسوسیات اور بولنے کی صلاحیت کے لئے سوائے جہاں ان صلاحیات کی پیمائش کرنا ہی امتحان کا مقصد ہو.

جانچ کے عمل کی ہر رپورٹ میں شامل ہو گا:

- بچے کے ہر اس حصے میں کارکردگی کی وضاحت جہاں پر معزوری کا شک ہو
- متعلقہ عملی احساسی ترقیاتی طرز عملی اور جسمانی معلومات
- عام نصاب میں ایک بچے کی شمولیت یا سکول سے پہلے کی عمر کے بچے کی مناسب سرگرمیوں میں شمولیت کے ہدایت کردہ نتائج اور
- کسی بھی جانچ کے معیاری حالات میں نگرانی نا ہونے کی صورت میں اس بات کی وضاحت کے وہ معیاری عمل سے کیسے مختلف ہے.

## معیار کا تعین:

معیار کے تعین کا مطلب ہے وفاقی اور ریاستی قائدہ قانون کے مطابقت سے طریقہ عمل استمعال کرنا جو کہ بچے کے معیار کے تعین اور اہیلیت کی جانچ کرے کے اسے کوئی معزوری ہے یا نہیں اور بچے کی تعلیمی ضروریات کیا ہیں

. معزور طالب علم کو آی ڈی ای اے کے تحت خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات ابتدائی طور پر دینے سے **پہلے** ایک مکمل اور انفرادی معیار کا جائزہ لیا جاتا ہے. IEP ٹیم کی میٹنگ میں معیار کی پیمائش کی جاتی ہے اور مناسب اور موضوع سند یافتہ لوگ ان باتوں کا جائزہ لیتے ہیں:

- موجودہ معلومات اور تشحیص کے نتائج
- معیار کا تعین اور والدین کے مہیا کی ہوئی معلومات
- موجودہ کلاس روم کی بنیاد پر تشخیص جس میں ضلعی اور ریاستی بنیاد پر تشخیص اور مشاہدہ شامل ہیں اور
- اساتزہ اور متعلقہ خدمات کے عملہ کے مشاہدات جو کہ یہ فیصلہ کرے:

- کیا بچہ معزوری کے ساتھ ایک طالب علم ہے.
- بچے کی تعلیمی ضروریات
- عملی طور پہ حاصل کردہ موجودہ سطح اور ترقی کے لئے ضروریات
- بچے کی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات چاہے وہ معزوری کے اس درجے کے ساتھ ہو جس میں بچے کی درجہ بندی کی گئی ہےعام طور پر جوڑا جاتا ہو یا نہیں اور
- IEP کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے اور عام نصاب تعلیم میں شمولیت کے لئے اگر موزوں ہو کوئی بھی اضافہ یا ترمیم جو بچے کو ضرورت ہو

## ابتدائی معیار کا تعین:

ابتدائی معیار کا تعین اتنا وسیع ہونا چاہئے کہ وہ یہ یقینی بنائے کے بچے کی معزوری کے ہر مشتبہ اور متعلقہ حالات کا جائزہ لیا جا سکے بشمول اگر موزوں ہو تو:

- تعلیمی کارکردگی
- گفتگو اور تبادلہ خیال کا عمل
- عام عقل و فہم
- صحت بشمول سماعت اور بسارت
- چلنے پھرنے کی صلاحیت
- سماجی جزباتی اور سلوک و برتاو کی حیثیت

کوئی بھی واحد حکمت عملی کو استمعال کر کے یہ فیصلہ نہیں کیا جاتا ہے کہ بچہ ایک معزور طالب علم ہے یا نہیں اور بچے کے لئے موزوں تعلیمی منصوبہ کیا ہو گا

ایک بچے کی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت رکھنے والے ایک معزور طالب علم کی حیثیت سے شناخت نہیں ہو سکتی اگر کہ فیصلہ کن کردار کرنے والا عنصر یہ ہو کہ:

- پڑھنے میں مناسب ہدایات کی کمی بشمول پڑھنے کی ہدایت کے ضروری حصے جو کہ:

- صوتی آگاہی
- الفاظ کی صوتی ترجمانی کے زریعے پڑھنا شروع کرنا
- زخیرہ الفاظ کی ترقی
- پڑھنے میں روانی بشمول زبانی پڑھنے کی استعداد

- پڑھنا فہم و ادراک کی حکمت عملی
- ریاضی میں ہدایات کی کمی
- بچے کی انگریزی میں محدود مہارت سوائے ان بچوں کے جو کہ بلحاض دیگر ایک معزور بچے کی حیثیت کے اہل ہوتے ہیں

## ابتدائی معیار تعین مکمل کرنے کا دورانیہ:

ایک بچے کے والدین یا سرکاری ادارہ درخواست دے سکتے ہیں اس بات کے فیصلے کے لئے کے بچہ ایک معزور بچہ ہے یا نہیں .ابتدائی معیار کا تعین بچے کی جانچ کے لئے تحریری طور پر والدین کی رضامندی موصول ہونے کے60 دن کے اندر مکمل کرنا ہو گا یہ 60 دن کا دورانیہ مقامی تعلیمی ادارے پر لاگو نہیں ہو گا اگر:

- ایک بچہ ایک سرکاری ادارے کے زریعے چلائے گئے ایک سکول میں اس کے بعد داخلہ لیتا ہے کے اس کے والدین ایک اور سرکاری ادارے کو ابتدائی جانچ کی رضامندی دے چکے تھے اور اس سابقہ سرکاری ادارے نے یہ فیصلہ نہیں کیا تھا کہ یہ بچہ ایک معزور بچہ ہے یا نہیں دورانیے سے اس مستثنہ کا ادراک تبھی ہو گا اگر پہلے والا سرکاری ادارہ اپنے کام میں اتنی پیش رفت کر رہا ہے کہ معیار کے تعین کو فوری طور پر مکمل کر سکے اور والدین اور پہلے والہ سرکاری ادارہ وقت کے مخصوص دورانیے پر رضامند ہو چکے ہیں جس میں معیار کا تعین مقرر کیا جائے گا.
- کسی بچے کے والدین بار بار ناکام ہوتے ہیں یا بچے کو معیار کے تعین کی جانچ کے لئے فراہم کرنے سے انکار کرتے ہیں یا
- سرکاری ادارہ اور والدین باہمی رضامندی سے تحریری طور پر 60 دن کے معیار کے تعین کے متفقہ دورانیے کو بڑھانے پر رضامند ہوتے ہیں.

ابتدائی معیار کے تعین کے بعد اگر IEP ٹیم فیصلہ کرتی ہے کہ بچے کو معزوری ہے اور خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے تو پھر IEP ٹیم کو ابتدائی معیار کے تعین کے 30 دن کے اندر بچے کی IEP تیار کرنے کے لئے اجلاس کرنا ہو گا. سرکاری ادارہ والدین کو IEP ٹیم کے معیار کے تعین کے فیصلے کی کاپی فراہم کرے گا.

## شیر خوار اور چھوٹے بچوں کے منصوبوں سے تغیر:

ایک سرکاری ادارہ آ ی ای پی ٹیم کے اجلاس منعقد کرے گا جو کہ یہ فیصلہ کرے گا کہ ایک بچہ مقامی شیر خوار اور چھوٹے بچوں کے منصوبوں سے تغیر کر دیا ہے اسے ایسی معزوری ہے جس کے لئے خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کا مہیا کرنا ضروری ہے. اگر پارٹ سی کے تحت اس بچے کو پہلے خدمات پہنجائی گئی ہیں تو پھر والدین کی درخواست پر پارٹ سی کے رابطہ کار کو یا پھر دوسرے نمائندے کو IEP کی میٹنگ میں مدوع کیا جائے گا تاکہ وہ خدمات کے آسان تغیر میں مدد کر سکیں. اگر IEP ٹیم یہ فیصلہ کرتی ہے کہ بچہ ایک معزور طالب علم ہے یا اس کے ارتقا میں تاخیر ہے تو پھر IEP کی ٹیم بچے کے لئے ایک IEP تیار کرے گی. بچے کی تیسری سالگرہ میں اس IEP کو عمل پیرہ ہو جانا جاہئے.

## معیار کا دوبارہ تعین:

ایک سرکاری ادارہ یہ یقینی بنائے کے ہر بچے کے لئے معیار کا دوبارہ تعین کیا جائے گا اگر:

- سرکاری ادارہ یہ تعین کرے کے بچے کی تعلیمی اور متعلقہ خدمات کی ضروریات بشمول بہتر نصابی کارکردگی اور عملی کارکردگی اس دوبارہ معیار کے تعین کو لازم کرتا ہے یا

- اگر بچے کے والدین یا استاد دوبارہ معیار کے تعین کی درخواست کرتے ہیں.

معیار کا دوبارہ تعین ایک سال میں ایک دفعہ سے زیادہ نہیں ہو گا سوائے کہ والدین اور سرکاری ادارہ مشطرکہ طور پر اس کے مخالف ہوں اور تین سال میں کم از کم ایک دفعہ ضرور ہو سوائے کہ والدین اور سرکاری ادارہ یہ یقین کریں کے معیار کا دوبارہ تعین غیر ضروری ہے .جس حد تک ممکن ہو سرکاری ادارے بچے کے معیار کے تعین اور دیگر IEP میٹنگ کو محدود رکھے IEP ٹیم پہلے سے موجود جانچ کی معلومات کا جائزہ لے گی بشمول والدین کی مہیا کی ہوئی معلومات کلاس روم کی بنیاد پر جانچ ریاستی اور ضلعی سطح کی جانچ اور مشاہدے تاکہ فیصلہ کیا جا سکے کے مزید اضافی معولمات کی ضرورت ہے تاکہ فیصلہ کیا جا سکے کہ:

- بچہ کی ایسی معزوری جاری ہے جس کے لئے *خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات* کی فراہمی کی ضرورت ہے .
- بچے کی موجودہ سطح پر نصابی کارکردگی اور متعلقہ ترقیاتی *ضروریات اور*
- آیا بچے کے لئے اضافے یا اصلاحات کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنے پیمائش کے *قابل سالانہ IEP مقاصد کو حاصل کر سکے اور جہاں مناسب ہو عام نصاب میں شمولیت کر سکے*

اگر IEP ٹیم یہ تعین کرے کہ اضافی معمومات درکار ہیں تو جانچ تب تک نہیں کی جائے گی جب تک والدین کو آگاہ نہ کر دیا گیا ہو اور والدین کی رضامندی کی درخواست کر دی گئی ہو. IEP ٹیم جانچ کے نتائج کا جائزہ IEP کے جانچ کے تجویز کے 90 دن کے اندر لے گی. اگر IEP ٹیم یہ تعین کرے کہ اضافی معلومات درکار ہیں تو سرکاری ادارہ والدین کو اس بات سے آگاہ کرے گا اور تعیناتی کی وجوہات بھی بیان کرے گا .سرکاری ادارے پر لازم نہیں کے وہ جانچ کرے دوبارہ معیار کے تعین کی غرض سے سوائے کہ بچے کے والدین نے ایسا کرنے کی درخواست کی ہو.

## **<u>خدمات کا اختتام:</u>**

سرکاری ادارہ وفاقی اور ریاستی قانون کے مطابق ایک معزور بچے کے معیار کے دوبارہ تعین کا جائزہ لے گا اس سے پہلے کے وہ یہ فیصلہ کرے کہ بچہ اب اور معزور طالب علم نہیں ہے . آی ڈی ای اے کے پارٹ بی کے مطابق جب کہ بچہ عام ہائی سکول کا ڈپلومہ لے کر گریجوئٹ ہو یا اس کی عمر ریاستی قانون کے مطابق مناسب مفت سرکاری تعلیم کی عمر کی شرط سے زیادہ ہو چکی ہو تب اس معیار کے دوبارہ تعین کی ضرورت بچے کی اہلیت کے اختتام سے پہلے نہیں ہوتی ہے .

# انفرادی تعلیمی منصوبے (IEP) کا عمل

## IEP ٹیم میٹنگ:

سرکاری ادارہ ایک ٹیم عمل کا استعمال کرتا ہے تاکہ IDEA کے تعین کردہ وضاحت کے مطابق کسی بچے کی معزوری یا تعلیمی ضروریات کی شناخت کی جا سکے .ہر سرکاری ادارہ کی یہ زمہ داری ہے کہ وہ ترقیاتی جائزہ معزور طالب علم کی IEP کے دوبارہ جائزے اور بچے کے تعلیمی صلاحیت کے تعین کی غرض سے میٹنگ کا انعقاد کرے . تمام معزور طالب علم کے والدین کو انکے بچے کے لئے IEP ٹیم کے اجلاس میں شرکت کے مواقع دینے چاہئں اور اجلاس کے بارے میں آگاہ کرنا چاہئے.

والدین IEP ٹیم کے رکن ہیں جو کہ انکے بچے کی تعلیمی تقرری کے تعین کا فیصلہ کرتی ہے. سرکاری ادارے کو مناسب کوشش کرنی چاہئے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ والدین سمجھ سکیں اور کسی بھی گروہ کے تبادلہ خیال میں شرکت کر سکیں جو کہ ان کے بچے کی تعلیمی تقرری کا تعین کرنے کے متعلق ہوں اس میں بحرے والدین یا ایسے والدین جن کی مادری زبان انگریزی نا ہو انکے لئے ایک مترجم کا بندوبست کرنا شامل ہے.

جب IEP کی ٹیم اس بات کا تعین کر لے کہ بچے کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے تو IEP ٹیم پر لازم ہے کہ وہ 30 دن کے اندر ملاقات کر کہ طالب علم کے IEP کو ترتیب دے.IEP ٹیم کے رکن کی حیثیت سے والدین کو یہ حق ہے کہ وہ کسی بھی وقت اپنے بچے کی IEP کا جائزہ لے سکیں.

## میٹنگ میں والدین کی شمولیت:

ہر سرکاری ادارہ ایسے اقدام اٹھائے گا جس سے یہ یقینی بنایا جائے کہ ایک معزور بچے کہ ایک یا دونوں والدین ہر IEP ٹیم میٹنگ میں شامل ہوں یا انہیں شمولیت کے مواقع فراہم کئے جائیں. والدین کو میٹنگ کے بارے میں جلد آگاہ کیا جائے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ انہیں شمولیت کا موقع ملے اور میٹنگ باہمی رضامندی سے طہ شدہ وقت اور جگہ پر انعقاد کی جائے گی. آگاہی نوٹس میں واضع کیا جائے کہ میٹنگ کا مقصد وقت جگہ اور کون میٹنگ میں شامل ہو گا. نوٹس میں والدین کو یہ بھی آگاہ کیا جائے گا کہ والدین یا سرکاری ادارے کے اختیار سے دیگر افراد جن میں متعلقہ مددگار عملہ شامل ہے جنہیں بچے کے بارے میں علم ہے اور بچے کے بارے میں مہارت ہے وہ جہاں مناسب ہو وہاں IEP کی ٹیم میں شمولیت کر سکتے ہیں. کسی بھی فرد کے علم یا خصوصی مہارت کا تعین وہ لوگ (والدین یا سرکاری ادارہ) کریں گے جنہوں نے اس فرد کو IEP ٹیم کی رکنیت کی دعوت دی ہو

. ایک معزور طالب علم کے لئے 14 سال یا اس سے کم کی عمر سے جہاں مناسب ہو وہاں نوٹس یہ بھی وضاحت کرے گا کہ میٹنگ کا ایک مقصد ایک ایسے گوشوارے کی تخلیق ہو گا جو کہ بچے کی عبوری خدمات کی ضروریات کو بیان کرے اور ادارہ طالب علم کو دعوت دے گا اور کسی بھی اور ادارے کی نشاندہی کرے گا جسے دعوت دی جائے گی کہ وہ ایک نمائندہ بھیجیں. اس سے پہلے کہ ایک سرکاری ادارہ کسی اور ادارے کے نمائندے کو دعوت دے سکے والدین کی رضرمندی لازم ہے.

کسی بھی بچے کی IEP کے تخلیق جائزہ اور اصلاح کی IEP میٹنگ بشمول بچے کی تعلیمی تقرری کا تعین کا نوٹس میٹنگ سے کم از کم 10 تقویمی دن پہلے دیا جائے گا سوائے کے ایک عجلت شدہ میٹنگ کا انعقاد کیا جائے تاکہ:

- نظم و ضبط کے مسائل کو حل کیا جا سکے

- بچے کی تقرری کا تعین کرنا اگر بچہ ایک معزور طالب علم ہے اور موجودہ طور پر تعلیمی خدمات حاصل نہیں کر رہا یا
- بچے کی دیگر فوری ضروریات کو پورا کیا جائے تاکہ ایف ای پی اے کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے

اگر دونوں میں سے کوئی بھی والدین میٹنگ میں شامل نہ ہو سکے تو سرکاری ادارہ دیگر طریقے استعمال کر کے والدین کی شمولیت کو یقینی بنائے گا. جس میں انفرادی یا اجتمعاعی فون کال بھی شامل ہے اگر سرکاری ادارہ والدین کو میٹنگ میں شمولیت کا قائل کرنے میں ناکام رہے تو میٹنگ والدین کی شمولیت کے بغیر بھی انعقاد کی جا سکتی ہے. اگر سرکاری ادارہ والدین کی شمولیت کا فیصلہ حاصل کرنے میں ناکام رہے تو IEP ٹیم بچے کی تقرری کا تعین والدین کی شمولیت کے بغیر بھی کر سکتی ہے .اس صورت میں سرکاری ادارے کے پاس والدین سے باہمی رضرمندی سے مقرر کردہ وقت اور جگہ پر میٹنگ مغعقد کرنے کے لئے روابط یا ان کی کوششوں کا ثبوت ہونا چاہئے جیسا کہ فون کا تفصیلی ثبوت یا ان کوششوں کا ثبوت والدین سے روابط کے دستاویز اور والدین کے گھر یا کام کی جگہ پر ملاقات یا ان ملاقات کی کوششوں کا ثبوت ہونا چاہئے.

IEP میٹنگ میں غیر رسمی یا بلا فہرست گفتگو جو کہ سرکاری اداروں کے عملہ اور دیگر مسائل پر گفتگو تدریس کی طریقیات اسباق کے منصوبے یا خدمات کے مہیا کرنے کی ہم آہنگی پر مشتمل ہیں شامل نہیں ہوتیں اگر یہ تمام مسائل بچے کے IEP میں حل نا کئے جائیں. ایک میٹنگ میں ایسی تمہیدی سرگرمیاں بھی شامل نہیں ہوتیں جن میں سرکاری ادارے کا عملہ کسی مستقبل میں ایک پیشکش کو تخلیق کرنے یا والدین کے کسی شیپکش کے سہی جواب کے لئے بحث کرے.

## IEP ٹیم:

IEP ٹیم میں شامل ہیں:

- بچے کے والدین سرپرست یا متبادل والدین
- اگر بچہ عام تعلیمی ماحول میں شامل ہے تو بچے کے عام تعلیم کے اساتزہ میں سے کم از کم ایک استاد اگر بچے کے عام تعلیم کے استاد نہیں ہیں یا بچہ سکول کی عمر سے کم ہے تو ایک فرد جو کہ اس عمر کے بچے کو پڑھانے کے قابل ہو
- بچے کے خصوصی تعلیم کے اساتزہ میں سے کم از کم ایک استاد یا اگر مناسب ہو تو خدمات مہیا کرنے والا ایک فرد.
- سرکاری ادارے کا ایک نمائندہ جو کہ معزور بچوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے خصوصی ترتیب شدہ ہدایات کو مہیا کرنے یا انکی نگرانی کرنے کا اہل ہو اور جسے عام نصاب اور سرکاری ادارے کے موجود ضرائع کی معلومات ہوں.
- ایک ایسا فرد جو کہ ہدایات کے معیار کے تعین پر اثر کو سمجھ سکے. یہ فرد مزکورہ سرکاری ادارے کے اراکین میں سے ایک ہو سکتا ہے.
- اگر والدین یا سرکاری ادارہ چاہے تو ایک ایسکا فرد جسے بچے کی معلومات یہ خصوصی مہارت حاصل ہو.

- والدین کی رضامندی سے جس حد تک مناسب ہو سرکاری ادارے پر لازم ہے کہ وہ کسی بھی شامل ادارے کے نمائندے کو دعوت دے جو کے تغیر خدمات مہیا کرے یا ان کا خرچہ اٹھا رہا ہو اور
- اگر مناسب ہو تو بچہ بھی. بچہ کو دعوت دینی چاہئے اور اس سے شمولیت اور رکنیت کی توقع رکھنی چاہئے اگر میٹنگ کا مقصد بچے کے دور رس مقاصد کی تکمیل ہو اور ان تغیری خدمات کی تکمیل جو کہ بچے کو ان مقاصد کو پورا کرنے میں مدد کر سکے.

## IEP ٹیم کی حاضری:

IEP ٹیم کے رکن پر یہ لازم نہیں کہ وہ تمام میٹنگ یا میٹنگ کے حصہ میں شامل ہو اگر معزور بچے کے والدین اور سرکاری ادارہ متفقہ اور تحریری طور پر یہ تعین کریں کہ اس رکن کی شمولیت اس لئے ضروری نہیں ہے کیوں‌کہ اس رکن کے نصابی حصہ یا متعلقہ خدمات کی اصلاح یا جائزے کی ضرورت نہیں ہے.

IEP ٹیم کے رکن کو میٹنگ کے تمام یا کچھ حصوں مین نا شامل ہونے کی اجازت مل سکتی ہے حالانکہ میٹنگ میں رکن کے نصابی حصے یا متعلقہ خدمات کی اصلاح یا بحث کی جانی ہو اگر:

- والدین اور سرکاری ادارہ تحریری طور اور متفقہ طور پر اس معزرت کی رضامندی دے دیں اور
- معزرت کردہ رکن میٹنگ سے پہلے والدین اور IEP ٹیم کو تحریری طور پر IEP کی تیاری کے لئے اپنی امداد پیش کرے

## IEP کا مواد:

IEP IEP ٹیم کی تخلیق ہے اور اس میں شامل ہیں:

- بچے کی موجودہ نصابی کارکردگی کی حد اور عملی کارکردگی بشمول اسکے کہ -
  - عام تعلیم کے نصاب میں بچے کی معزوری اس کی شمولیت اور ترقی کو کیسے اثر انداز کرتی ہے مثلا وہی نصاب جو غیر معزور بچوں کے لئے ہے یا
  - سکول کی عمر سے پہلے کے بچوں کے لئے جہاں مناسب ہو کیسے معزوری بچے کی مناسب سرگرمیوں میں شمولیت پر اثر انداز ہوتی ہے
- ایک ایسی دستاویز جو کہ سالانہ مقاصد بشمول نصابی اور عملی مقاصد کی پیمائش کر سکے تاکہ
  - بچے کی معزوری کی وجہ سے پیدا ہونے والی بچے کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے اور
  - بچے کو عام تعلیم کے نصاب میں شامل ہونے اور ترقی کرنے کا موقع مل سکے بچے کی دیگر تعلیمی ضروریات کو پورا کیا جا سکے جو کہ بچے کی معزوری کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں
- مختلف سنگ میل اور مختصر دورانیے کے مقاصد کی وضاحت اس بات کی وضاحت کہ بچے کہ سالانہ مقاصد کو پورا کرنے کے لئے ترقی کی پیمائش کیسے کی جائے گی اور وقفے وقفے سے بچے کی سالانہ مقاصد کو پورا کرنے کے لئے ترقی کی رپورٹ جیسہ کہ سہ ماہی یا دیگر وقفہ کی رپورٹ جو کہ رپورٹ کارڈ کے ساتھ مہیا کی جائے

- ایسی خصوصی تعلیم متعلقہ خدمات مددگار ضرائع اور خدمات کی دستاویز جو کہ ہم رتبہ لوگوں کی تحقیق پر عملی حد تک مبنی وہ بچے کو یا اس کی جانب سے پیش کی جائے اور ایک ایسی دستاویز جو کہ منصوبے میں تبدیلي یا سکول عملہ کی مدد جو کہ بچے کو دی جائے گی تاکہ وہ۔

  - سالانہ مقاصد کے حصول کے لئے مناسب ترقی کر سکے
  - وہ عام تعلیمی نصاب میں شامل ہو اور اس میں ترقی کرے اور دیگر غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لے سکے اور
  - وہ تعلیم یافتہ بن سکے اور دوسرے معزور یا غیر معزور بچوں کے ساتھ شامل ہو سکے
- اس بات کی وضاحت کے کس حد تک اگر ایسا ہو کہ بچہ غیر معزور بچوں کے ساتھ عام تعلیمی فضہ اور سرگرمیوں میں شامل نہیں ہو گا.
- ایک ایسی دستاویز جو کہ کسی بھی ایسی انفرادی مناسب صحولیات جو کہ ریاستی اور ضلعی جانچ میں نصابی کارکردگی اور عملی کارکردگی کی پیمائش کے لئے ضروری ہوں.
- آگر IEP ٹیم یہ تعین کرے کہ بچے کو ایک مخصوص عام ریاستی یا ضلعی طور کی جانچ کے بجائے ایک متبادل جانچ کی ضرورت ہے تو ایک دستاویز جو بیان کرے کے کیوں -
  - بچہ عام جانچ میں شامل نہیں ہو سکتا اور
  - مخصوص متبادل جانچ جسے چنا گیا ہے وہ بچے کے لئے موزوں ہے
- خدمات کے شروعات کی ایک مقرر کردہ تاریخ اور متوقع تعداد جگہ اور ان خدمات اور اصلاحات کا دورانیہ.

ایک سرکاری ادارہ بچے کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات مہیا کرے گا جو کہ اس کے IEP کے مطابق ہوں اور سچے دل سے کوشش کرے گا کہ وہ بچے کو اسکے IEP میں درج کردہ مقاصد حاصل کرنے میں مدد کرے. ایک سرکاری ادارہ اساتزہ یا کوئی اور فرد بچے کے سالانہ مقاصد کے حصول کے متوقع ترقی حاصل نہ کرنے کی صورت میں زمہ دار نہ ہو گا.

IDEA 2004 کے لئے یہ ضروری نہیں کہ بچے کے IEP میں اضافی معلومات کا اضافہ کیا جائے جو کہ IDEA کے ڈھانچے اور IEP ٹیم کی ضرورت سے زیادہ ہو اور معلومات کا اضافہ بچے کے IEP کے ایک حصہ میں ان معلومات سے کیا جائے جو کہ IEP کے دوسرے حصے میں پہلے سے موجود ہوں.

اگر بچے کو توسیع کردہ سکول کے سال کی خدمات درکار ہوں تو IEP میں مخصوص خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات موجود ہوں گی جو کہ عام سکول سال سے آگے تک مہیا کی جائیں گی .

## <u>تغیر کی خدمات:</u>

تغیر کی خدمات ایک ہم آہنگ سرگرمیوں کا مجموعہ ہیں جو کہ سکول تبدیلی اور سکول سے باہر کی سرگرمیوں کو ترقی دینے کے لئے تخلیق دی گئی ہیں. جس میں پوسٹ سیکنڈری تعلیم پیشہ اور تکنیکی علم مکمل ملازمت بالغوں کی خدمات خود کفیل زندگی اور سماج میں شمولیت شامل ہیں.

یہ سرگرمیاں بچے کی ضروریات پر مبنی ہیں اور اس کی پسند اور شوق کو زیر نظر رکھتی ہیں اور اسکے تعلیم کے نصاب متعلقہ خدمات اور سماجی سرگرمیوں پر مشمول ہیں.

- جب بچے کی عمر 14 سال یا اس سے کم کی ہو اور جہاں مناسب ہو اور جسے سالانہ جدید بنایا جائے تو IEP ایک ایسی دستاویز شامل کرے گا جو کہ بچے کی تغیر کی خدمات جو کہ اس کے نصاب سے متعلق ہو شامل کرے گا.
- جب بچے کی عمر 16 سال ہو اور پہلا IEP جاری ہو یا اس سے کم عمر ہو اگر IEP ٹیم یہ تعین کرے اور اسے سالانہ جدید بنایا جائے اسکے بعد یہ لازم ہے کے IEP میں شامل ہوں:

  - مناسب پیمائش کے قابل دور رس مقاصد جو کہ عمر کے مناسب تغیر جانچ جو کہ تربیت تعلیم ملازمت اور جہاں مناسب ہو مناسب خود کفیل زندگی کی مہارت پر مبنی ہوں اور
  - تغیر کی خدمات (بشول نصاب تعلیم جن کی بچے کو ان مقاصد کو حاصل کرنے کی مدد میں ضرورت ہے)
- تغیر کی خدمات مہیا کرنے کی شرط ایسے معزور طالب علم پر لاگو نہیں ہوتی جو کہ ریاستی قانون کے مطابق ایک بالغ سزا یافتہ ہو اور کسی بالغ اصلاحاتی ادارے میں مقید ہو اور اسکی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات حاصل کرنے کی اہلیت اسکی رہائی سے پہلے ختم ہو جائے گی.

## کارکردگی کا خلاصہ:

ایک ایسا بچہ جس کی اہلیت ختم ہو جائے اسے سرکاری ادارہ ایک ایسی دستاویز فراہم کرے گا جس میں اسکی نصابی کارکردگی اور عملی کارکردگی کا خلاصہ ہو اور جس میں بچے کو اس کے دور رس مقاصد حاصل کرنے کی مدد کی تجاویز شامل ہوں.

## خصوصی تعلیمی خدمات کی شروعات کرنے کے لئے رضامندی مہیا کرنا:

ایک سرکاری ادارہ والدین کی تحریری رضامندی حاصل کرے گا اس سے پہلے کے معزور بچے کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات مہیا کرنے کی شروعات کی جا سکے. سرکاری ادارہ یہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات فراہم نہیں کرے گا اگے بچے کے والدین سرکاری ادارے کو جانتے بوئےخصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی شروعات کی تحریری رضامندی نا بھیجیں یا سرکاری ادارے کی رضامندی چاہنے کی درخواست کو جواب دینے میں ناکام رہیں. اگر والدین خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی رضامندی دینے میں ناکام رہیں تو سرکاری ادارہ بچے کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات فراہم **<u>نہیں</u>** کر سکتا. اگر والدین یا معزور بچہ شروعات کی رضامندی فراہم کرنے سے انکار کرتا ہے تو سرکاری ادارہ FAPE مہیا کرنے کی خلاف ورزی کا مرتکب نہیں ہوتا اور اسے طالب علم کے لئے IEP تخلیق کرنے کے لئے IEP ٹیم میٹنگ منعقد کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی.

## خصوصی تعلیم کی خدمات کی رضامندی کو منسوخ کرنا:

31 دسمبر تک معزور افراد کی تعلیم ایکٹ IDEA والدین کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی کو منسوخ کر سکیں جس سے کہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خرمات کی فراہمی رک جائے جہاں یہ تبدیلی یو ایس محکمہ

تعلیم کی پرانی وضاحت کی نفی کرتا ہے وہیں IDEA کے والدین کو اپنے بچے کے حقوق کی حفاظت کرنے اور محکمے کے والدین کی اپنے بچے کی تعلیم میں پسند اور شمولیت کے مقصد پر زور کی حمایت کرتی ہے.

اگر کسی وقت سرکاری ادارہ معزور بچے کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات فراہم کرنا شروع کرتی ہے تو بچے کے والدین **تحریری طور** پر خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی کو منسوخ کر سکتے ہیں. یہ سرکاری ادارہ بچے کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات فراہم **نہیں** کرے گا لیکن خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہمی کو روکنے سے پہلے والدین کو تحریری نوٹس جاری کرے گا سرکاری ادارہ مفاہمت یا عدالتی سماعت کے زریعے رضامندی یا بچے کو خدماتفراہم کرنے کا عدالتی فیصلہ حاصل **نہیں** کرے گا. سرکاری ادارہ بچے کی مزید خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی فراہم کرنے کی وجہ سے میٹنگ کا انعقاد کی ضرورت نیہں ہو گی اور وہ بچے کو FAPE فراہم کرنے کی شرط کی خلاف ورزی کا مرتکب نہیں ٹھرایا جائے گا اور اسے IEP کی تخلیق اور میٹنگ کا انعقاد کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی تاکہ مزید خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات فراہم کی جا سکیں.جہاں بچے کے والدین مزید خصوصی تعلیم اور متعلقہ خھمات کی رضامندی کو منسوخ کر سکتے ہیں وہیں سرکاری ادارے پر یہ لازم نہیں ہے کہ وہ بچے کہ تعلیمی اندراج میں تبديلي کرے تاکہ کسی ایسے اعتراض کو ختم کیا جا سکے جو کہ رضامندی کی منسوخی کی وجہ سے بچے کو خصوصی تعلیم یا متعلقہ خدمات کی فراہمی پر عائد کیا گیا ہو

## IEP کی ترقی جائزہ اور اصلاحات:

ایک بچے کے IEP کی ترقی جائزہ اور اصلاحات کے لئے IEP ٹیم ان عناصر کو زہن میں رکھے گی:

- بچے کی طاقت اور بچے کی تعلیم کی ترقی میں اسکے والدین کی فکر
- بچے کے شروع کی یا جدید ترین جانچ کے نتایج
- بچے کی نصابی ترقیاتی اور عملی ضروریات
- جہاں مناسب ہو وہاں بچے کے ریاستی یا ضلع جانچ کے منصوبوں میں کارکردگی کے نتایج
- مراسلاتی ضروریات
- مددگار تکنیکی آلات اور بچے کے خدمات کی ضروریات
- بچے سے مخصوص خاص عناصر پر غور کہ:
  - ایک ایسے بچے کا معاملہ جسکا کردار اسکے یا دوسروں کے سیکھنے کی صلاحیت میں رکاوٹ ہو وہاں مثبت کردار کے انخلا کا استعملا کیا جائے اور دیگر مددگار زرائع اور تراکیب کا استعمعال کیا جائے جو اس مسعلہ کو حل کر سکیں.
  - ایک ایسے بچے کا معاملہ جس کی انگریزی کی فراوانی کم ہو اس کی زبان کی ضروریات جو اس کے IEP سے متعلق ہوں انہیں زیر غور لایا جائے
  - ایک ایسے بچے کا مسلہ جو کہ نابینا ہے یا دیکھنے کی صلاحیت سے محروم ہے اسکے لئے ہدایات کو بریل میں مہیا کیا جائے بشمول بریل میں نصابی کتاب کے اور بریل کا استمعال کیا جائے سوائے کے بچے کے لکھنے پڑھنے کی مہارت ضروریات اور مناسب لکھنے اور پڑھنے کے زرائع بشمول بچے کے مستقبل میں بریل کے استمعال یا بریل میں ہدایات کی ضروریات

کی جانچ ایک جانچ کے بعد IEP ٹیم یہ تعین کرے کے بریل میں ہدایات یا بریل کا استعمال بچے کے لئے مناسب نہیں ہے بشمول نصابی کتابوں کے اور

- ایک ایسے بچے کا مسلہ جو کہ بحرہ ہو یا جسے سننے میں دشواری ہو اسکی زبان یا رابطہ کی ضروریات ہم پلہ لوگوں سے براہ راست رابطہ کے مواقع اور بچے کی زبان اور رابطے کے طریقے پیشہ ورانہ عملہ نصابی حد تک اور تمام دیگر ضروریات بشمول بچے کی زبان اور زریعے کے طریقے میں براہ راست ہدایات کے پر استعمال غور کیا جانا چاہئے.

اگر مزکورہ عناصر پر غور کے بعد IEP ٹیم یہ تعین کرے کے بچے کو ایک مخصوص آلے خدمت مداخلت رسائی منصوبے کی اصلاح کی ضرورت ہے تاکہ وہ FAPE حاصل کر سکے تو IEP ٹیم کو اس بارے میں ایک دستاویز بچے کے IEP میں شامل کرنی چاہئے

IEP ٹیم کے ممبر کی حیثیت سے بچے کے ایک عام تعلیم کے استاد کو مناسب حد تک بچے کے IEP کی ترقی میں شامل ہونا چاہئے. شمولیت میں مناسب مثبت کردار کی مداخلت کا تعین اور دیگر منصوبوں میں مدد اضافی مدد اور خدمات منصوبوں کی اصلاحات اور سکول عملے کی مدد شامل ہے.

IEP ٹیم بچے کے IEP کو وقفے وقفے لیکن کم از کم سالانہ طور پر جائزہ لے گی تاکہ:

- تعین کریں کہ آیا بچے کے سالانہ مقاصد پورے ہو رہے ہیں یا نہیں اور جہاں مناسب ہو وہاں IEP کی دوبارہ تکمیل کی جائے تاکہ ان عناصر پر غور کیا جا سکے:
    - سالانہ مقاصد یا عام تعلیمی منصوبے میں کسی بھی متوقع ترقی میں کمی اگر موزوں ہو تو
    - جہاں مناسب ہو کسی بھی دوبارہ جائزے کے نتائج .والدین سے یا والدین کو بچے کے بارے میں معلومات کی فراہمی
    - بچے کی متوقع ضروریات یا
    - بچے کے منصوبے سے متعلق دیگر مسائل

## ترامیم:

بچے کے والدین اور سرکاری ادارہ IEP میں تبدیلی کے لئے IEP ٹیم میٹنگ نا مغعقد کرنے پر اتفاق کر سکتے ہیں. کسی ایک سکول کے سال کی سالانہ IEP میٹنگ کے بعد ایک بچے کے IEP میں تبدیلی کرتے ہوئے والدین اور سرکاری ادارہ متفقہ طور پر ایک دستاویز تحریر دے سکتے ہیں تاکہ بچے کے موجودہ IEP کو درست یا ترمیم کیا جا سکے. درخواست دینے پر والدین کو اس ترمیم شدہ IEP کو فراہم کیا جائے گا جس میں تمام ترامیم شامل ہوں.

## تقرری:

IEP ٹیم کے رکن کی حیثیت سے والدین اپنے بچے کی تقرری سے متعلق فیصلوں میں شامل ہوتے ہیں.

جس حد تک مناسب ہو معزور طالب علم بشمول ان طالب علموں کے جو کہ سرکاری یا نجی اداروں یا دیگر مدد کی جگہوں پر ہوں غیر معزور بچوں کے ساتھ ہی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں. سالانہ طور پر IEP کی ٹیم:

- IEP پر مبنی بچے کی تعلیمی تقرری کا تعین کرتی ہے اور
- اس بات کو یقینی بنائے کے بچہ اس سکول میں تعلیم حاصل کر رہا ہے جہاں وہ غیر معزور ہونے کی صورت میں تعلیم حاصل کرتا سوائے کہ بچے کی IEP کی وجہ سے کسی اور حالات کے بندوبست کی ضرورت ہو.

ریاستی قانون کے مطابق اگر بچہ ایک بالغ سزا یافتہ قرار پایا ہے یا کسی بالغوں کی قید میں مقید ہے اور ریاست نے اس میں ایک سخت تحفظ اور اصلاحی دلچسپی ظاہر کی ہے جو کہ بدلی نہیں جا سکتی تو IEP ٹیم بچے کے IEP یا تقرری میں اصلاح کر سکتی ہے.

## IEP کی تکمیل:

سرکاری ادارہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ:

- بچے کی IEP کی تکمیل اس کی تخلیق کے بعد جلد از جلد ہو گی سوائے کہ میٹنگ موسم گرما یا چھٹیوں کے دوران ہو یا جب ایسے حالات ہوں جو ایک مختصر وقفے کے طلب گار ہوں جیسے کہ نقل و حمل کا بندوبست
- IEP سکول کے سال کے شروع میں بچے کے لئے کام کر رہی ہو
- IEP ہر استاد متعلقہ خدمت گار اور دیگر خدمت گار جو کہ بچے کے لئے IEP کی تکمیل کہ زمہ دار ان سب کے وسعت میں ہو.
- ہر وہ فرد جو کہ بچے کے خدمت گار کے طور پر شناخت ہو اسے اپنی بچے کے IEP کی تکمیل اور ساتھی اصلاحات اور دیگر ضروری امداد سے متعلق اپنی زمہ داریوں کے بارے میں آگاہ ہونا ہو گا
- والدین کو اپنے بچے کا IEP بلا کسی خرچے کے فراہم ہو گا

## بچے جو کسی اور سرکاری ادارے میں منتقل ہوں گے:

ایک ہر ریاست کے اندر منتقلی-

ایک ایسی صورت میں کہ جب ایک معزور بچہ سرکاری ادارے سے <u>ایک ہی</u> سکول کے سال کے اندر تبدیل کرے اور جو نئے سرکاری ادارے میں داخل ہو اسی IEP کے ساتھ جو کہ اس ریاست میں ہی عمل میں تھا تو سرکاری ادارہ:

- والدین سے مزاکرات کے ساتھ بچے کو مفت مناسب سرکاری تعلیم دے جس میں پچھلے IEP کے مقابلے کی خدمات شامل ہوں جب تک کے سرکاری ادارہ پچھلا IEP دوبارہ عمل میں لائے یا
- وفاقی ریاستی قانون کے مطابق ایک نیا IEP تخلیق استمعال اور اسکی تکمیل دے

ایک ایسے بچے کی منتقلی جو کہ <u>ایک ہی</u> ریاست کے اندر منتقل ہو رہا ہو کی صحولت کے لئے نیا سرکاری ادارہ جہاں بچہ داخل ہو وہ مناسب اقدام اٹھا کر فورا پچھلے سرکاری ادارے سے بچے کے اندراج حاصل کرے بشمول:

- IEP اور مددگار دستاویز اور
- دیگر دوسرے اندراجات جو کہ بچے کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات مہیا کرنے کے متعلق ہوں

### ریاست کے باہر سے منتقلی۔

ایسی صورت میں جب معزور بچہ جو کہ ایک ہے سکول کے سال میں سرکاری ادارے منتقل کرے اور نئے سرکاری ادارے میں داخل ہو ایک ایسے IEP کے ساتھ جو کہ ایک مختلف ریاست میں ہو تو سرکاری ادارے کو چاہئے:

- کہ وہ بچے کو مفت مناسب سرکاری تعلیم مہیا کرے جس میں پچھلے IEP کے مقابلے کی خدمات اور صحولیات ہوں اور جو والدین سے بات چیت کے بعد ہو جب تک کہ سرکاری ادارہ معیار کے تعین کی جانچ نا کر لے اگر سرکاری ادارے نے یہ ضروری سمجھا اور
- ایک نیا IEP تخلیق کرے جہاں مناسب ہو اور جو وفاقی اور ریاستی قانون کے مطابق ہو

ایک ایسے بچے کی منتقلی کی سہولت کے لئے جو ریاست سے باہر منتقل ہو رہا ہو جس سرکاری ادارے میں بچہ پہلے سے داخل ہو وہ مناسب اقدام اٹھا کر نئے سرکاری ادارے کی درخواستوں کا فوری جواب دے۔

## گریجوئشن کی ضروریات:

سرکاری ادارہ بچے کے والدین کو ریاستی اور مقامی گریجوئشن کی ضروریات سے آگاہ کرے گا اور ایک بچے کی ان مقاصد کے حصول کی طرف پیش رفت سے بھی آگاہ کرے گا. جب ایک معزور بچہ ایک ہائی سکول سے عام ہائی سکول ڈپلومہ لے کر گریجوئشن کرتا ہے تو سرکاری ادارے پر لازم ہے کہ وہ والدین کو اپنے بچے کی اس معلق گریجوئشن سے آگاہ کرے. عام ہائی سکول ڈپلومہ لے کر گریجوئٹ ہونے پر تفرری تبدیل ہو جاتی ہے اور بچے کا FAPE کا حق بھی ختم ہو جاتا ہے

## توسیع کردہ سکول کے سال کی خدمات ESY :

توسیع کردہ سکول کے سال کی خدمات کا مطلب ہے کہ ایک معزور بچے کو فراہم کی گئی خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی انفرادی توسیع جو کہ عام سکول کے سال سے زیادہ ہو IEP کے مطابق ہو سرکاری ادارے کے والدین کے لئے بغیر خرچہ کہ ہو اور MSDE کے معیار کے مطابق ہو. ESY کی خدمات FAPE کے لئے ضروری تب ہیں جب ایک معزور بچے کے عام سکول کے سال میں ملنے والے فوائد اسکے موسم گرما میں تعلیمی منصوبے نا پانے کی صورت میں بہت شدت سے خطرے میں پڑ جائں گے. سرکاری ادارہ ESY کی کی خدمات کسی مخصوص طرع کی معزوری تک محدود نہیں کر سکتا یا با ساختہ طور پر انکی قسم مقدار یا دورانیہ کو محدود نہیں کر سکتا.

ESY کی خدمات بچے کو تب مہیا کی جاتی ہیں جب اسکی IEP ٹیم یہ انفرادی طور پر یقین کرے کہ یہ خدمات FAPE کی فراہمی کے لئے ضروری ہیں. والدین کو ESY کی خدمات کی آگاہی ملنی چاہئے جو کہ ایک معزور بچے کی مخصوص ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہوں. کم از کم سال میں ایک دفعہIEP ٹیم یہ تعین کرے کہ طالب علم کو ESY کی خدمات درکار ہیں یا نہیں. یہ تعین سکول کے سال کے شروع میں ہو گا تاکہ والدین کو اپنے ضابطے کی رو سے حفاضتی حقوق استمعال کرنے کے لئے کافی وقت مل سکے اگر وہ سرکاری ادارے کی تجویز سے متفق نا ہوں. لیکن ہر کیف یہ اتنا جلدی نہیں ہونا چاہئے کہ مناسب معلومات موجود نا ہوں جو کہ فیصلہ کرنے میں ضروری ہوں

اس بات کا تعین کہ ایک معزور بچے کے فوائد جو کہ ایک عام سکول میں بڑھتے ہیں بہت شدید خطرے میں ہو گا اگر بچے کو

موسم گرما میں ایک تعلیمی منصوبہ فراہم نا کیا گیا اور IEP ٹیم مندرجہ زیل عناصر پر غور کرے گی:

- بچے کی IEP میں لازمی زندگی کی مہارت سے متعلق سالانہ مقاصد شامل ہیں
- کیا یہ متوقع ہے کہ بچہ زندگی کے لازمی مہارت میں ایک واضع منفی رجحان سے دوچار ہو گا جو کہ عام سکول کی چھٹی کی وجہ سے ہو گا اور وہ ان کھوئے ہوئے طریقوں اور مہارت کو ایک مناسب وقت میں دوبارہ حاصل کرنے میں ناکام ہو گا.
- بچے کی اسکے IEP کے مقاصد پر گرفت
- نئے طریقے اور مہارت کا انکشاف یا بڑے مواقع
- مداخلاتی برتاؤ
- معزوری کی طرز اور شدت
- خصوصی حالات

IEP ٹیم ہر عنصر کو آزادانہ طور پر زیر غور لائے گی تاکہ بچے کی ان تعلیمی منصوبوں سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت پر اثر کا تعین کر سکے. ESY خدمات کی ضرورت پر غور کرتے ہوئے یہ معیار ہر انفرادی طالب علم پر لاگو ہو گا IEP تمام زیر غور عنصر کا اندراج کرے گی اور ان غور کے نتائج کا تعین کرنے پر اثر کہ آیا عام سکول سے سال کے فوائد ESY کی خدمات نا فراہم کرنے سے واضع خطرے میں پڑ جائیں گے یا نہیں.